حصہ اول: معروضی

کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)

سوال نمبر 1: انبیاء کرام علیہم السلام کی ادنی توہین ۔۔۔ ہے۔

(الف) ناپسندیدہ (ب) مکروہ (ج) حرام (د) کفر قطعی

سوال نمبر 2: انبیاء کرام علیہم السلام عزت و مرتبہ میں اوروں کے ۔۔۔ ہیں۔

(الف) سردار (ب) سید (ج) حاکم (د) مذکورہ تینوں

سوال نمبر 3: عالم (کائنات) میں سب سے افضل ۔۔۔ ہیں۔

(الف) انبیاء کرام علیہم السلام (ب) فرشتے (ج) جنات (د) حضرت محمد ﷺ

سوال نمبر 4: حضور اکرم ﷺ کی تعظیم ۔۔۔ ہے۔

(الف) جزء ایمان (ب) رکن ایمان (ج) الف اور ب (د) کوئی نہیں

سوال نمبر 5: ۔۔۔ کے اعتبار سے اللہ تعالیٰ قریب ہے۔

(الف) ماپ و پیمائش (ب) فٹ (ج) کلومیٹر (د) قدرت و علم

سوال نمبر 6: اللہ تعالیٰ کے حق میں "ہاتھ" "چہرہ" وغیرہ سے ظاہری معنی لینا ۔۔۔ ہے۔

(الف) جائز (ب) گمراہی (ج) بدمذہبی (د) ب اور ج

سوال نمبر 7: رب تعالیٰ علت و سبب کا ۔۔۔ ہے۔

(الف) محتاج (ب) محتاج نہیں (ج) خالق (د) ب اور ج

سوال نمبر 8: ذات پاک اس کی ندِ یعنی ۔۔۔ سے منزہ ہے۔

(الف) نظیر و ہم پلہ (ب) مانند (ج) مشابہ (د) مقدار

سوال نمبر 9: اللہ پاک کی صفات ۔۔۔ ہیں۔

(الف) لامحدود (ب) محدود (ج) گھٹتی بڑھتی (د) عطائی

سوال نمبر 10: اللہ پاک نے ۔۔۔ کو اپنی صفت تکوین کا مظہر اتم بھی بنایا۔

(الف) حضور ﷺ (ب) ابراہیم علیہ السلام (ج) موسیٰ علیہ السلام (د) آدم علیہ السلام

سوال نمبر 11: مومن کامل کے ایمان کی نشانی ہے کہ حضور ﷺ اسے ۔۔۔ ہوں۔

(الف) تمام چیزوں سے زیادہ محبوب (ب) تمام لوگوں سے زیادہ محبوب

(ج) تمام چیزوں اور لوگوں سے زیادہ معظم (د) مذکورہ تینوں

سوال نمبر 12: ہمارے نبی ﷺ کا تمام جہانوں سے افضل ہونا ۔۔۔ ہے۔

(الف) اجماعی (ب) قطعی (ج) الف اور ب (د) کوئی نہیں

سوال نمبر 13: "قَائِدُ الغُرِّ المُحَجَّلِينَ" کا معنی ہے۔

(الف) روشن پیشانی والوں کے قائد (ب) پرہیزگاروں کے قائد (ج) نبیوں کے قائد (د) اگلے پچھلوں کے قائد

سوال نمبر14: آپ ﷺ کو جہاد کا حکم دعوت اسلامیہ کے ۔۔۔ مرحلے میں ہوا۔

(الف) پہلے (ب) دوسرے (ج) تیسرے (د) چوتھے

سوال نمبر15: ابتداءً آپ ﷺ نے دعوت دینے کا سلسلہ ۔۔۔ سے شروع کیا۔

(الف) قرابت داروں (ب) پرانے تعلق والوں (ج) دوستوں (د) مذکورہ تینوں

سوال نمبر16: "یاایھاالمدثر قم فانذر" کو اس وقت نازل کیا گیا جب ۔۔۔

(الف) آپ ﷺ کو دعوت دین کا مکلّف بنایا گیا (ب) آپ ﷺ کو جہاد کا حکم دیا گیا

(ج) جب مدینہ کی جانب ہجرت کی (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر17: بعثت کے ۔۔۔ سال تک خفیہ تبلیغ کا سلسلہ رہا۔

(الف) 2 سال (ب) 3 سال (ج) 4 سال (د) 5 سال

سوال نمبر18: اعلانیہ دعوت دینے کے لئے حضور ﷺ ۔۔۔ پر جلوہ فرما ہوئے۔

(الف) جبل صفا (ب) جبل نور (ج) جبل احد (د) جبل حرا

سوال نمبر19: آپ ﷺ پر سے اونٹ کی اوجھڑی حضرت ۔۔۔ نے اٹھائی۔

(الف) خدیجہ (ب) عائشہ (ج) فاطمہ (د) رقیہ

سوال نمبر20: اسلام کو اپنانا اور صحیح اسلامی معاشرہ قائم کرنا انسانوں کے لئے ۔۔۔ ہے۔

(الف) جائز (ب) واجب (ج) مستحسن (د) مستحب

سوال نمبر21: صادق کو کاذب سے ممتاز کرنے کا میزان ۔۔۔ ہے۔

(الف) فتنہ (ب) ابتلاء (ج) آزمائش (د) مذکورہ تینوں

سوال نمبر22: قریش کی طرف سے حضور ﷺ کی خدمت میں ۔۔۔ نے مصالحتی کوشش کی۔

(الف) عتبہ بن ربیعہ (ب) ابو الولید (ج) عتبہ بن عامر (د) الف اور ب

سوال نمبر23: ۔۔۔ حضور ﷺ کی خدمت میں مال، خوبصورت عورت سے شادی کا لالچ دے کر تقاضا کیا کہ بتوں کو برا بھلا کہنا چھوڑ دیں۔

(الف) مشرکین کے ایک گروہ نے (ب) ولید بن مغیرہ نے (ج) عاص بن وائل نے (د) مذکورہ تینوں

سوال نمبر24: کفار کی پیشکش پر آپ ﷺ نے ۔۔۔ فرمایا۔

(الف) میں تم سے مال، تم سے شرف کو طلب نہیں کرتا (ب) تم سے بادشاہت طلب نہیں کرتا

(ج) مجھے تمہیں خوشخبری دینے اور ڈر سنانے کا حکم ہے (د) مذکورہ تینوں

سوال نمبر25: اقتصادی حصار (سوشل بائیکاٹ) ۔۔۔ سے ۔۔۔ سال تک جاری رہا۔

(الف) بعثت کے چوتھے سے ساتویں (ب) بعثت کے پانچویں سے آٹھویں

(ج) بعثت کے ساتویں سے دسویں (د) بعثت کے آٹھویں سے دسویں